برائیوں سے اپنے آپ کو بچایا جائے اگر کوئی شخص پورا ایک ماہ اسی حالت میں گزارے تو یقیناً اس کی عادات میں نمایاں تبدیلی آجائے گی اور پورے گیارہ مہینے وہ برائیوں سے بچنے کی کوشش کرے گا لہٰذا ہمیں اس ماہ مبارک کو غنیمت سمجھنا چاہیے۔

اس مبارک مہینے کی مناسبت سے ہم ملک کے تمام طبقوں سے دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس کا احترام اس طرح کریں جس طرح اس کا حق ہے خاص کر ہم ملک کے سیاستدانوں، علماء کرام، وکلاء، اساتذہ کرام، تاجروں، صنعت کاروں اور مزدوروں سے یہ توقع کریں گے کہ وہ کم ازکم اس مہینے میں تو اپنی غلط روش کو ترک کردیں اور صحیح اور سچی بات کریں اور اس کی ہی حمایت کریں۔ برائی کی نہ صرف مذمت کریں بلکہ اس کے خلاف عملی جہاد میں بھی حصہ لیں۔

روزہ جہاں ہمارے لئے آخرت میں نجات کا ذریعہ بنے گا وہاں دنیا میں بھی ساری اخلاقی روحانی اور جسمانی برتری اور کامیابی وکامرانی کا ذریعہ بنے گا۔ ان شاء اللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری عبادات کو قبول فرمائے اور اس مبارک مہینے میں تمام مسلمانوں کی حالت کو بہتر بنائے۔ اور ہماری تمام مشکلیں آسان کرے۔ آمین۔

جناب مولانا پیر سید محب اللہ شاہ صاحب کا سانحہ ارتحال

عالم اسلام کے نامور عالم دین، معروف محقق اور بلند پایہ مصنف حضرت مولانا پیر سید محب اللہ شاہ راشدی گزشتہ دنوں اللہ کو پیارے ہوگئے (انا للہ و انا الیہ راجعون) آپ حضرت مولانا پیر سید بدیع الدین شاہ راشدی کے بڑے بھائی تھے آپ نے پوری زندگی اسلام کے لئے وقف کردی تھی آپ کا تعلق سندھ کے معروف سید خاندان سے تھا آپ نے بے شمار دینی کتابیں تصنیف کیں ہیں اور لاتعداد علمی اور تحقیقی مقالے اخبارات اور جرائد میں چھپ چکے ہیں آپ بہت ہی ملنسار، اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے، انتہائی مہمان نواز تھے پاکستان میں آپ کے سینکڑوں تلامذہ دین کی خدمت میں مصروف ہیں اور آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہیں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔ (آمین)